ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (385)

17.08.25

**بہاولپور( )ڈی پی او محمد حسن اقبال نے انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے آفسران کو پروموشن بیج لگائے اور مبارکباد دی۔ڈی پی او آفس میں نئے ترقی پانے والے افسران کے اعزاز میں سادہ مگر پروقار تقریب کا اہتمام۔عہدہ اللہ تعالی کی طرف سے تفویض کردہ ہے۔ایمانداری اور نیک نیتی سے اپنے فرائض سرانجام دینے کا عہد کریں،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی فورس کا مورال بلند کرنے اور میرٹ کی بالادستی کی پالیسی کے تحت ضلع بہاولپور میں بھی پولیس افسران کو ترقیاں دینے کا سلسلہ جاری۔ترقی پانے والے افسران کے اعزاز میں ڈی پی او آفس میں سادہ مگر پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اور اے ایس پی باسل اریز فاروقی نے سب انسپکٹر سے انسپکٹر پروموٹ ہونے والے افسران کو پروموشن بیجز لگائے۔انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والے افسران محمد عدنان، محمد ثاقب اجمل، ارسلان شاہد، مہرین فاطمہ، شہزاد منظور، حافظ عمر فاروق، کامران نواز اور حمزہ عمران شامل ہیں۔اس موقع پر ترقی پانے والے افسران کے فیملی ممبرز نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او بہاولپور نے فیملی ممبران کو مبارکباد دی اور بچوں کے ساتھ خوشگوار ماحول میں گفتگو کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو میرٹ اور کارکردگی کی بنا پر ترقی سے نوازا گیا ہے۔آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے تمام افسران کو ترقی ملنے پر مبارکباد دی اور مستقبل میں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اپنے آفس میں اے ایس پی باسل اریز فاروقی کے ہمراہ نئے ترقی پانے والے افسران کو پروموشن بیج لگا رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (386)

17.08.25

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن پر امن پنجاب کے تحت اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات ،ڈی پی او محمد حسن اقبال کی ہدایات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعد ازاں سکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی ارد گرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل و حرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے ارد گرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے ارد گرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہو ایسی جگہوں پر امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں